SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

SECP

**PRESS RELEASE**

For immediate release

October 30, 2019

## ایس ای سی پی کا عوام الناس کو میسرز ایف ایس لنکس سے ہوشیار رہنے کا انتباہ

اسلام آباد (اکتوبر 30) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے عوام الناس کو متنبہ کیا جاتا ہے کہ میسرز ایف ایس لنکس (سنگل ممبر کمپنی) پرائیویٹ لمیٹڈ نامی کمپنی جو کہ سوشل میڈیا کے ذریعے عوام سے جعلی اسکیموں میں سرمایہ کاری کے لئے راغب کر رہی ہے، سے کسی بھی قسم کے لین دین سے باز رہیں۔ واضح کیا جاتا ہے کہ یہ کمپنی خلاف قانون عوام سے فنڈز اکٹھا کر رہی ہے۔ اس کمپنی کو اس قسم کا کوئی کاروبار کرنے کی اجازت نہیں ہے اور عوام سے براہ راست فنڈز اکٹھا کرنا ممنوع ہے اور کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کی شقوں کی بھی خلاف ورزی ہے۔

ایس ای سی پی نے کمپنیز ایکٹ کے تحت میسرز ایف ایس لنکس اور اس کے ڈائریکٹر فیصل حیات، حامل قومی شناختی کارڈ کا نمبر 637-78604-8101 کے خلاف غیر قانونی طریقے سے فنڈز/ڈپازٹس اکھٹے کرنے پر قانونی کارروائی شروع کر دی ہے۔ مزید برآں، میسرز ایف ایس لنکس کو قانونی طور پر بند کرنے کی کارروائی کا آغاز بھی کر دیا گیا ہے۔

واضح رہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 282 کے مطابق عوام سے کسی بھی طریقے سے رقوم وصول کرنے یا ان سے سرمایہ کاری کے نام پر فنڈز اکٹھا کرنے پر پابندی عائد ہے۔ قانون کے مطابق صرف ریگولیٹری حکام سے لائسنس یافتہ اور متعین طریقہ کار کے تحت ہی سرمایہ کاری کی اسکیمیں جاری کی جاسکتی ہیں۔ واضح رہے کہ کسی کمپنی کی ایس ای سی پی سے رجسٹریشن کا قطعاً یہ مطلب نہیں کہ یہ کمپنی عوام سے سرمایہ کاری کے نام پر فنڈز اکٹھا کر سکتی ہیں۔ عوام الناس کو متنبہ کیا جاتا ہے کہ کسی بھی قسم کی سرمایہ کاری سے پہلے اس بات کی تصدیق کریں کہ آیا ایس ای سی پی کی جانب مذکورہ کمپنی کو لیزنگ، مضاربہ، انوسٹمنٹ بینکنگ، انشورنس، ایکویٹی اور کموڈٹی بروکریج وغیرہ کے لائسنس جاری کیا گیا ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005